**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

انتخابی نتائج میں غیر قانونی ردوبدل کے خلاف پُرامن احتجاج میں شریک قائدین وکارکنان کی گرفتاریوں کی شدید مذمت

پولیس کی جانب سے تحریک انصاف کے سینئر رہنماو سینئر وکلا لطیف کھوسہ اور سلمان اکرم راجہ کو پُرامن احتجاج کا آئینی حق استعمال کرنے پر گرفتار کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں،

عوام کا مینڈیٹ چھین کر ملک پر زبردستی قابض ہونے والے غیر آئینی حکمران اپنا جعلی اقتدار بچانے کیلئے لاقانونیت، ناانصافی اور ظلم وجبر کی بدترین مثال قائم کر رہے ہیں، کور کمیٹی تحریک انصاف

شکست خوردہ عناصر کی انا کی تسکین کیلئے ان کے غیر آئینی احکامات پر عمل درآمد کرنے والے افسران کا ذکر تاریخ میں سیاہ حروف میں کیا جائے گا، کور کمیٹی تحریک انصاف

نومنتخب ایم پی اے حافظ فرحت عباس کا جھوٹے مقدمے میں جسمانی ریمانڈ منظور کرنے کی بھی شدید مذمت

پنجاب اسمبلی کے نومنتخب رکن حافظ فرحت عباس کو پرامن احتجاج کی پاداش میں دہشت گردی کے جھوٹے مقدمے میں نامزد کرنا قابل مذمت اور شرمناک ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

جعلی اور غیر آئینی وزیر اعلیٰ پنجاب کی ایما پر پُرامن شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمات کا اندراج ہارے ہوئے لوگوں کی واضح شکست کا ثبوت ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

کور کمیٹی کا بانی چئیر مین عمران خان کی کاوشوں کے نتیجے میں 15 مارچ کو اسلاموفوبیا ڈے منانے کا فیصلہ

بانی چئیر مین عمران خان کے دین اسلام کی خاطر اقوام متحدہ میں اٹھائے گئے اقدامات کے نتیجے میں 15 مارچ کو عالمی سطح پر اسلاموفوبیا ڈے کا درجہ دیا گیا

کور کمیٹی کی جانب سے 23 مارچ کو یوم پاکستان بھی بھرپور جوش وجذبے کیساتھ منانے کا اعلان

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ